Dr. Waldheim assured the ladies that he would convey to Sheikh Mujib the wishes of the wives and relatives of POWs.

Visits to POWs' camps: Indian policy deplored

RAWALPINDI, Feb. 10: The British M.P. for Rochde has greatly regretted Indian Government's refusal to permit visit to POWs' camps in India. He has appealed to Foreign Secretary to raise the POWs' issue in United Nations Assembly, according to a letter published by 'The Times' in its issue of February 8.

"Sir, my attention has been drawn to the Red Cross reports on prisoners of war camps in India; in which are held some 90,000 Pakistani people. The persons are both military and civil and include a number of children. I have requested permission to visit these camps in India but Indian Government has refused me permission to do so. I greatly regret this decision since it would appear from Red Cross report conditions are far from satisfactory and since many of prisoners held in these prisons are relatives of my constituents. I am naturally concerned as to their welfare. I consider it quite inhuman that people should continue to be held in prison 16 months after cessation of hostilities in what appear to me to be quite clearly a breach of Geneva Convention. I have written to Foreign Secretary asking him if he will raise this matter in the United Nations Assembly". Yours Faithfully, Cyril Smith.

Hard to say about talks with Pakistan in near future

—INDIRA

NEW DELHI, Feb. 10: Indian Prime Minister Mrs. Indira Gandhi today said: "It is hard to say whether there is any likelihood of bilateral talks with Pakistan in the near future. She was talking to newsmen on her arrival here from a visit to Nepal.

"Certain matters are bilateral between us and Pakistan which we have to solve with them. Certain others are between Bangladesh and Pakistan, which they have to solve", she said.

On the reported Pakistani proposal to take the POW issue to the Security Council and the report that U.N. Secretary-General Kurt Waldheim agreed with Mr. Bhutto that the Simla Agreement did not preclude a U.N. intervention, Mrs. Gandhi said that Pakistan had realised the general view that going to the U.N. previously had not solved anything.

Earlier, at Kathmandu, she said the sooner President Zulfikar Ali Bhutto comes to terms with Bangladesh, the sooner we will have stability and peace in the sub-continent.'

There were no immediate plans for her to meet the Pakistani leader. Asked whether a summit conference would be useful the Prime Minister said: "It is more a question of attitude. If there is an attitude of friendship, any meeting will help. But if such an attitude is absent, a meeting is useless."

India did not want to hold on to Pakistani prisoners of war, but their release was a matter to be decided not only by India but also by Bangladesh.—AFP/Reuter.

U.N. will assist Pakistan in reconstruction

SHAKARGARH, Feb. 8: The U.N. Secretary-General Dr. Kurt Waldheim, after an extensive survey of the areas ravaged by Indian occupation forces, this morning said that the U.N. would assist Pakistan in the "great reconstruction task" ahead of it writes APP.

"We have to do everything to rebuild the areas," he said when a copy of a comprehensive, 180-million dollar plan for the rehabilitation of displaced persons in the war-affected zone of Shakargarh and Tharparkar was presented to him.

India hampered suppiy to POWs of newspapers

ISLAMABAD, Feb. 10: An official spokesman has expressed surprise and indignation at the suggestion that Pakistan did not show any interest in sending newspapers to the POWs interned in India.

He was commenting on an Indian newspaper report broadcast over the AIR saying that India had agreed to receive newspapers from Pakistan if the Government of Pakistan arranged to have them despatched through the Red Cross or the Swiss Embassy, but Pakistan did not show any interest in this connection.

The spokesman said: The fact is that the Government of Pakistan made repeated requests to the Government of India to permit supply of books, magazines and other reading material to the POWs, but this permission was no given.—APP.

What the NAP has been saying

FROM ISLAMABAD

FEBRUARY 15: Mr. Attaullah Mengal, in his Press conference at Karachi on Feb. 10, said: "A situation is being created by the Central Government headed by the PPP which is very similar to the situation of East Pakistan in 1971. In the same Press conference he complained that troops had been moved into Kalat District, where 'volunteers' had been called by him to put down the miscreants. He said these 'volunteers' were 'in thousands' and came amongst others, from Mengal and Bizenjo tribes.

Mr. Mengal talking at a Press conference at Karachi on Jan 13, declared that with all its 'malicious designs' the Central Government would not last longer than that of Yahya Khan.

Mr. Wali Khan said at a public meeting in Lahore on Feb. 5: The Punjab earned a bad name of almost all the infamous things in the country because the people of the Punjab had allowed themselves to be used by the dictators. The people of the Punjab had voted the PPP into power and they alone should dethrone it. Wali Khan threatened that the people 'would be forced to come out in the streets to get their fundamental rights'. He said the People's Party posed the 'greatest danger to national integrity'. On a question about the possibility of dismissal of the Provincial Government in the Frontier and Baluchistan in the wake of his Party's confrontation with the Central Government, Mr. Wali Khan said- "In 1947 Dr. Khan Sahib was the leader of the parliamentary 'party, but today I am the leader of the parliamentary group."

Mr. Abdul Ghaffar Khan in his speech at Peshawar on the day of his return from Kabul—December 24, said he had returned now to forge unity among the Pakhtoons. He said the Bengalis, only six years after Mujib had launched his movement, had awakened and the nation stood behind one leader and one party. But he complained he (Ghaffar) had been struggling for Pakhtoon unity for 63 years and the Pakhtoons had yet to decide whether he was Muslim or Hindu. He also said Mujib told his people they were being looted with both hands—palaces being built in Islamabad and not a penny on flood control—and these words had injected a new life into the Bengalis.

In the course of the same speech he said Sind, Baluchistan, Punjab, Pakhtoon (NWFP), Afghanistan, Iran and India should launch a movement for peace and mutual co-operation.

CANAL OPENING URGED

President Richard Nixon and his Secretary of State, William Rogers, made a new effort yesterday to break the Middle East deadlock, arguing that the reopening of the Suez Canal may be the best way leading to peace. The proposal was made in meetings in Washington with Hafez Ismail, Egyptian President Anwar Sadat's national security adviser. As they met, the passengers and crew members who died in the crash of a Libyan airliner shot down by Israeli interceptors on Friday reached their destination —Egypt—in coffins.

NAP-JUI Govt. issued 90,000 arms licences

MULTAN, Feb. 17: Over 90,000 firearms licences were issued by the former NAP-JUI Government in the NWFP during its nine-month rule, informed sources close to the NAP High Command disclosed here today.

These firearms licences had been issued to supporters of the NAP and the JUI and members of Pakhtoon Zalme.

According to these sources, some NAP leaders had arranged for the supply of sten-guns, rifles and revolvers to the new licence-holders, specially the NAP workers and Red Shirts, free of cost.

These sources alleged that even smuggled arms in the NWFP got entered on the newly-issued licences.

Certain NAP High Command members had placed orders with the arms manufacturers at Darra and other tribal villages for arms for the NAP levy.

Rs. 10M. fund for students in Britain

KARACHI, Feb. 15: President Bhutto's special envoy to Moscow and London, Mr. Abdul Hafeez Pirzada, said here today that he thought he had convinced the Russian and British leaders on the just and legitimate stand taken by Pakistan on various Indo-Pakistan issues, including the repatriation of POWs.

He was talking to newsmen on return here from a 10-day official visit to the Soviet Union and Britain.

Mr. Pirzada said the British officials had been able to solve the problems confronting Pakistanis living in the U.K., including their dual nationality, extension of same facility to Kashmiris, and repatriation of their funds to Pakistan.


In this connection, he disclosed that a revolving fund of Rs. 10 million had been created to help Pakistani students in Britain affected by the devaluation of the Pakistan rupee.—

We offer our heartfelt condolence to the famlies of the innocents who were martyred in the senseless and inhuman attack on the LIBYAN airliner by Israel.

No change in rupee

This decision means that the U.S. dollar will cost 10 per cent less than the pre-devaluation rate of Rs. 11. It would be around Rs. 9.90 to a dollar.

The Finance Minister, Dr. Mubashir Hasan told newsmen here tonight after a special Cabinet meeting that the exact buying and selling rate of American dollar would be announced by the State Bank



بہنوں کی محفل

یہ خواتین ـــ جن کے پیشے غیر معمولی ہیں!

دنیا کے تمام ترقی یافتہ ممالک میں خواتین مردوں کے دوش بدوش زندگی کے ہر شعبے میں کام کر رہی ہیں۔ ذیل میں ہم چند ایسی خواتین کا تعارف پیش کر رہے ہیں جو اپنے ملک میں مختلف [illegible]



ماریسنا پوپووچ



آنا سیتھے نی نا

[illegible]



تاتیانا نادو تونیسا



ڈ۔م دونڈ جرد سووا



ولیتنیا نکولائیو

ہم تسبیح کے ایک ایک کڑی کیطرح بکھرے رہے

آنسہ نیہاں (کراچی)

لوگ کہتے ہیں انسان ٹھوکر کھا کے سنبھل جاتا ہے... [illegible] ٹھوکر کھائی ہے اب سنبھلنا باقی ہے۔ اور اگر اب بھی نہ سنبھلے تو ڈر ہے کہیں وقت کی ٹھوکریں ہمارا مقدر نہ بن جائیں۔

موجودہ صورت حال اس قوم کا بہت بڑا المیہ ہے۔ آج سب کی آنکھیں پُرنم ہیں سب کے دل دکھی ہیں لیکن... یہ سب کچھ تو ہماری ہی غلطیوں کا نتیجہ ہے۔ ہمارے گناہوں کا عذاب اور ہمارے جرموں کی سزا ہے۔ [illegible]

کیا خوب کہا!

[illegible]

اعتراض کرنا اُن فلسفیوں کا کام ہے جو خود اصلاح کی زحمت گوارا نہیں کرتے

عبیداللہ خان فیضی

[illegible]

افریقی کھانے

زہرا فدا علی شیخ

[illegible]

کوکوپاکا

[illegible]

سوپ کے لئے

[illegible]

بنانا ڈیزی

[illegible]

تعلیم بالغان

ـــ خالد عرفان

تعلیمی پالیسی سے ہمیں فائدہ تو ہے
لیکن کچھ اس میں ردّ و بدل اور کیجئے
اَن پڑھ "اسمبلی کے اراکین کے لئے
"تعلیم بالغان" پہ بھی غور کیجئے!

دانش کدہ

لیل و نہار

لطیف اویسی ——

جنگی قیدیوں کی خاطر

پچھلے ویک اینڈ پر شمالی امریکہ کے ہر بڑے شہر میں جہاں پاکستانی آباد ہیں، بھارتی جارحیت اور پاکستانی جنگی قیدیوں پر کیے جانے والے ظلم و ستم کے خلاف جلوس نکالے گئے۔ ٹورانٹو میں بھی محب وطن پاکستانیوں نے ایک جلوس نکالا۔ منفی صفر درجہ کی کپکپاتی سردی میں سٹی ہال کے سامنے پاکستانی جھنڈا اور جلی حروف میں لکھے ہوئے بورڈ اٹھائے پاکستان کے جانباز اکٹھے ہوئے۔ کچھ بچے اور خواتین بھی تھیں۔ جلوس کو سٹی ہال سے شہر کی مشہور شاہراہ ینگ سٹریٹ سے ہوتے ہوئے صوبائی پارلیمنٹ کے دفاتر تک پہنچنا تھا۔ راستہ تقریباً ایک گھنٹے کا تھا۔ سردی کا یہ عالم تھا کہ ہاتھ، پاؤں، ناک، کان برف کے ڈلے بن گئے۔ سانس نکلتے نکلتے برف بن جاتی۔ کئی ہمت مند نوجوان بھی ہمت ہار کر گرم گرم قہوہ خانوں اور ریستورانوں میں گھس گئے۔ جلوس ساٹھ ستر سے تیس پینتیس حضرات تک رہ گیا۔ اس حالت میں ایک بظاہر حاملہ پاکستانی خاتون سے جو ایک بورڈ کو اٹھائے ڈگمگاتے ہوئے قدموں سے چل رہی تھیں، عرض کیا گیا کہ ان کا فرض پورا ہو چکا ہے اب وہ آرام کر لیں۔ لیکن انہوں نے اپنی یخ آلودہ انگلیوں سے بورڈ کو اور بھی مضبوطی سے پکڑتے ہوئے پرعزم آواز میں جواب دیا "جی نہیں، مجھے چلنے دیجیے"۔

ان کے بورڈ پر لکھا ہوا تھا
"LONG LIVE PAKISTAN"

اصلی نقلی

تقریباً ایک سال پہلے کاؤنٹی لاس اینجلز نے ایک شاہراہ کو سجانے کے لیے پلاسٹک کے درخت اور پھولوں کی جھاڑیاں لگائیں۔ ان کے خیال کے مطابق اصلی درختوں اور پھولوں کو لگانے کی بہ نسبت یہ طریقہ آسان بھی ہے اور کم خرچ بھی۔ پھر خزاں کی آمد سے سڑک کی خوبصورتی میں کوئی فرق بھی نہیں پڑے گا کیونکہ پلاسٹک کے پھول پتے تو ہمیشہ لہلہاتے ہی رہیں گے۔

کاؤنٹی کے کچھ دانشوروں کا خیال تھا کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان درختوں پر پلاسٹک کے پرندے بھی بٹھائے جائیں گے جن کے بیک گراؤنڈ میں پرندوں کے چہچہانے کی ٹیپ کی ہوئی آوازیں نشر کی جائیں گی۔ مگر قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا —!

کچھ روز ہوئے خبر ملی کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ نقلی درختوں کی ٹہنیاں ٹوٹتی گئیں۔ جن کو دوبارہ لگانا کسی کے بس میں نہ تھا۔ لہٰذا ہر وقت نیا درخت لگانا پڑتا۔ حساب کرنے پر عقل کے پنڈتوں کو معلوم ہوا کہ یہ طریقہ قدرتی پودوں کے اگانے سے کہیں زیادہ مہنگا پڑ رہا ہے۔ چنانچہ اب پھر سے اصلی پودے لگانے کی مہم شروع کی گئی ہے۔ لیکن پلاسٹک کے پھولوں اور درختوں کا مکمل نقصان؟ پچاس ہزار ڈالر —!

امن کی دلالی

اسرائیلی وزیر اعظم گولڈا مائر نے واشنگٹن پہنچتے ہی اعلان کر دیا ہے کہ عربوں اور اسرائیلیوں کے درمیان صلح اور امن حاصل کرنے کے لیے یہ وقت بہترین ہے۔

لبنان کے غیر علاقے میں دو فلسطینی پناہ گزینوں کی بستیوں کو نیست و نابود کر کے اور پھر اگلے ہی دن مسافروں سے بھرے ہوئے ایک بھولے بھٹکے لیبیا کے ہوائی جہاز کو مقبوضہ غزہ کے صحرا پر اڑتے ہوئے مار گرا دینے کے بعد امن اور صلح کا اعلان کرنا یقیناً اہل یہود اور ان سے ملتی جلتی دوسری قوموں کا ہی شیوہ ہے!

وطنِ پاک کے لیے —

آج آپ نے پاکستان کے لیے کیا کیا ہے؟

اپنے مقامی اخبارات کے ایڈیٹروں کے نام پاکستانی جنگی قیدیوں پر کیے جانے والے مظالم کے بارے میں خط لکھیے۔

حلقہ ارباب ذوق، ٹورنٹو کے مشاعرے کی روداد آئندہ شمارے میں ملاحظہ کیجیے

ظفر گورکھپوری

صبح کو ہم سے روٹھے وہ اور رات کو ہم نے سپنا دیکھا
بجھتی شمع کے آگے ان کو گہری سوچ میں ڈوبا دیکھا

روشن روشن رخ سے اجلا اجلا آنچل ڈھلکا دیکھا
تاروں میں پگھلی سی پائی، چاند کا چہرہ اترا دیکھا

دیر تک اپنی نظروں کو اس رخ پر ٹھہرا ٹھہرا دیکھا
کل شب خود آئینہ بن کر ہم نے اک آئینہ دیکھا

رات ہمیں اس سیم بدن کے گھنگرو لتنے یاد آئے
تنہائی کو چھن چھن کرتا سناٹوں کو بجتا دیکھا

آ وہ تیسی صبح کوئی نزدیک سے بھی نزدیک تھا جب
لمحوں کی ناخنوں سے ہم نے کیا کیا شہد ٹپکتا دیکھا

دل نے کیا کیا رستے اس سے بچ بچ کر اپنائے مگر
ہر رستے کو ہم نے اس کے گھر کی جانب جاتا دیکھا

شوق کے آئینہ خانوں میں ہم پھیلانے ہاتھ گئے
تھے ہاتھ نظر آئے ہر ہاتھ کو ہم نے پھیلا دیکھا

ٹوٹے بتاں میں کس کو دکھاتے پیاسی آنکھیں زخمی دل
چوکھٹ چوکھٹ کھڑی صلیبیں کھڑکی کھڑکی پہرہ دیکھا

کیا بتلائیں دشت تمنا میں کس صورت گزری عمر
بیٹھ رہے لب کھولے جہاں بھی پانی کا اک چشمہ دیکھا

اب ہم تیری یاد سے بھی غافل ہیں اگر تو حیرت کیوں؟
آنے والے ہم نے تو برسوں تک تیرا رستہ دیکھا

انکار نہیں

کوئی منہ چوم لے گا اس نہیں پر
شکن رہ جائے گی یوں ہی جبیں پر
ریاض خیر آبادی

تامل تو تھا ان کو آنے میں قاصد
مگر یہ بتا طرز انکار کیا تھا
اقبال

آپکی معلومات کیلئے!

- کیا آپ ان واحد خاتون کا نام بتا سکتی ہیں جن کا ذکر قرآن پاک میں نام سے آیا ہے۔
- مشہور اول پاکستانی خاتون پائلٹ کا نام کیا ہے۔
- کیا آپ کو یاد ہے کہ ملکہ نور جہاں کے مزار پر کونسا شعر کندہ ہے؟
- کچھ یاد ہے، کیوڑہ کس کے نام سے وابستہ ہے؟
- اچھا ذرا ان پاکستانی خاتون سائنسدان کا نام بتلایئے جنکو یونیورسٹی نے ڈی ایس سی کی ڈگری دی۔
- برصغیر کی مشہور اداکارہ مینا کماری عام زندگی میں کس حیثیت سے مشہور تھیں؟
- اچھی طرح یاد کر کے بتلایئے کہ حضرت خدیجہؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
- پاکستان کی پہلی خاتون سفیر کا نام بتا سکتی ہیں؟
- کیا آپ بتا سکتی ہیں کہ مونا لیزا کی مسکراہٹ کی قیمت کہاں تک لگائی گئی؟
- سب سے پہلی مسلمان ملکہ کا نام بتلایئے جو دلی میں تخت پر بیٹھی؟
- دنیا کی سب سے پہلی خاتون وزیر اعظم کا نام یاد کر کے بتایئے۔
- کیا آپ کو مشہور گلوکارہ لتا منگیشکر کے شوہر کا نام معلوم ہے؟
- حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پرورش کرنے والی خاتون ملکہ کا نام بتلایئے؟
- یاد ہے ملکہ نور جہاں نے کس کا مقبرہ بنوایا تھا؟
- حضرت ابراہیم کی پہلی بیوی کا نام اگر یاد ہے تو بتا دیجیے

(شاہدہ عشرت سحر کراچی)

جوابات

[illegible]

روسی اسلحہ کی برآمدگی پر سارے ملک میں شدید غم و غصہ کا اظہار

پاکستانی جنگی قیدیوں پر بھارتی مظالم کے خلاف زبردست احتجاجی مظاہرہ۔ بروز ہفتہ ۱۷ مارچ بوقت دوپہر ایک بجے بمقام سٹی ہال۔ شرکت کیجئے اور کامیاب بنایئے

یہ غیر جمہوری اقدام اور سیاسی انتقام ہے۔ برطرفیوں کا مقصد دستور منظور کرانا ہے

صدر کے فیصلوں پر ولی خان، نواب خیر بخش مری، اکبر بگٹی، ارباب سکندر، مینگل، مفتی محمود، اجمل خٹک، اچکزئی اور افضل خان کا شدید رد عمل۔ جمہوری حقوق حاصل کرنے کا عزم

ہر جمہوریت پسند کو مینگل کابینہ کی برطرفی کی مذمت کرنی چاہئے۔ علی احمد تالپور

رسول بخش تالپور نے پیپلز پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے اجلاس میں شرکت نہ کرنے کا اعلان کر دیا۔

[illegible]

عراق کے پاکستانی سفیر واپس آ گئے

کراچی ۱۵ فروری (اے پ پ) عراق میں پاکستان کے سفیر جناب سلیم اللہ جنہیں حکومت پاکستان نے واپس بلا لیا ہے [illegible]

روسی سفارتخانے کی بھی تلاشی لی جانی چاہیے

سازش میں ملوث افراد کو سخت ترین سزا دی جائے — میاں طفیل محمد

ملتان ۱۸ فروری۔ یہاں کے سیاسی، دینی، سماجی اور عوامی حلقوں نے ایک برادر مسلم ملک عراق کے سفارت خانہ سے اسلحہ کی برآمدگی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے [illegible]

امیر جماعت اسلامی پاکستان میاں طفیل محمد نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں عراقی سفارت خانہ سے بڑے پیمانے پر روسی اسلحہ کی برآمدگی سے ہر پاکستانی کو شدید صدمہ پہنچا ہے [illegible]

عراقی سفارتخانے سے برآمد شدہ اسلحہ

پاکستان میں استعمال کے لئے تھا۔ صدر بھٹو

[illegible]

عراق میں فوجی بغاوت کی سازش ناکام۔ فوجی افسر کو گولی مار دی گئی

حکومت کا تختہ الٹنے کی سازش انتہا پسند روس نواز فوجی حکام نے کی تھی

[illegible]

ایران اور عراق کی فوجوں میں تصادم

تین ایرانی سپاہی زخمی ہو گئے

[illegible]

پشاور میں ۴ لاکھ روپیہ کا اسمگل شدہ سامان ضبط

[illegible]

قصور گردیزی کی مدت نظر بندی میں اضافہ

ملتان ۱۸ فروری [illegible]

[illegible]

جنگی قیدیوں کا مسئلہ صرف بھارت حل نہیں کر سکتا: سورن سنگھ

حکام کی سطح پر تیاری کے بغیر صدر بھٹو اور اندرا گاندھی میں ملاقات کا امکان نہیں

[illegible]

درانی اور سعید کے خلاف مقدمہ کا آغاز

اسلام آباد ۱۸ فروری (اے پ پ) [illegible]

فوج کے اعلیٰ افسران کیلئے صدر بھٹو کا عشائیہ

اسلام آباد ۱۸ فروری (اے پ پ) [illegible]

خان سردار علی کو سپرد خاک کر دیا گیا

پشاور ۱۸ فروری [illegible]

ریئر ایڈمرل ایچ ایچ احمد کی گورنر سندھ سے ملاقات

کراچی ۱۸ فروری (اے پ پ) پاکستان نیوی کے چیف [illegible]

ڈھاکہ میں دو نکسل باڑی گرفتار کر لیے گئے

دیہاتیوں نے تین مسلح نوجوانوں کو مار مار کر ہلاک کر دیا

[illegible]

طفیل محمد کی گرفتاری ہمارے لئے خلاف توقع نہیں: مولانا مودودی

ہمیں انتظار کرنا چاہیے کہ قدرت حکومت کی مہلت عمل کتنی دراز کرتی ہے

تحریک کو مسخ کر کے پیش کیا گیا: میاں صاحب کے رہائی کا مطالبہ

[illegible]

سید اسعد گیلانی بھی گرفتار

[illegible]

ترکی میں زبردست زلزلہ

[illegible]

ظفر الاسلام کیمرون میں پاکستانی سفیر ہوں گے

[illegible]

افتخار احمد کی گرفتاری اور رہائی

کراچی ۱۷ فروری۔ ... پولیس نے آج صبح ...

[illegible]

جیل میں میاں طفیل کے ساتھ بدتمیزی کی

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کا بیان

[illegible]

اسلامی جمعیت طلبہ جیکب آباد کے ناظم کو ... گرفتار کر لیا گیا

[illegible]

میاں طفیل کی گرفتاری پر پنجاب اسمبلی میں تحریک التوا

[illegible]

۱۵ سالہ پاکستانی لڑکے پر بھارتی ہائی کمیشن کے ۲ آدمیوں کو اغوا کی سازش کا الزام

برطانوی پولیس کے ظلم کے خلاف اسکاٹ لینڈ یارڈ کے سامنے پاکستانیوں کا مظاہرہ

[illegible]

آزاد کشمیر پر بھارتی فوج کا حملہ ۵ بھارتی ہلاک متعدد زخمی

بھارتی فوج جنگ بندی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے آزاد کشمیر میں گھس آئی، توڑ پھوڑ کی اور مورچے کھودنے کی کوشش کی

حملہ آوروں کو کنٹرول لائن کے پار بھگا دیا گیا

[illegible]

پاکستان نے ٹیسٹ سیریز جیت لی

[illegible]

بھارت سے ۱۷۹ زخمی اور بیمار جنگی قیدی وطن واپس پہنچ گئے

واگہ کی سرحد پر رقت انگیز منظر: جنگی قیدیوں کو اسٹریچروں اور پہیوں دار کرسیوں پر لایا گیا

ہم اپنی طویل نظر بندی سے پریشان نہیں ہیں: نظر بند جنگی قیدیوں کا پیغام

[illegible]

سندھ کا مزید چاول برآمد نہیں کیا جائے گا

[illegible]

عالمی ٹینس میں ہارون رحیم کی کامیابی

[illegible]

مانچسٹر میں پاکستانی باشندوں کا زبردست مظاہرہ

[illegible]

چوہدری ظہور الٰہی کی درخواست ضمانت مسترد کر دی گئی

[illegible]

مسٹر جسٹس جاوید اقبال پنجاب کی گورنری کے امیدوار نہیں: چیف جسٹس کی تردید

[illegible]

میرے بیٹے کے ساتھ ناقابل بیان و نہایت شرمناک حرکت کی گئی: قصوری

آج میرے بیٹے کو اغوا کیا گیا کل دیگر ارکان اسمبلی کے بیٹے بیٹیوں کی باری آسکتی ہے ۔ سابق وزیر قانون کا بیان

ہٹلر کی راہ پر چلنے والا حکمران ٹولہ اس کے انجام کو نہ بھولے

میری گرفتاری کی تیاریاں کی جارہی ہیں [illegible]

[illegible]

جنگی قیدیوں سے فوجی راز اگلوانے کیلئے وحشیانہ مظالم

بجلی کے جھٹکے، قید تنہائی اور پاگلوں کے ساتھ رہنے کی اذیت

سنٹرل جیل دہلی میں طویل پوچھ گچھ، غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ

[illegible]

بھارتی ہائی کمیشن پر بلیک ستمبر تنظیم کے رضاکاروں نے حملہ کیا تھا

اب ہم مسلح ہو کر دوسرے بھارتی سفارتخانوں پر حملے کرینگے، تنظیم کا انتباہ

ہلاک ہونے والے دونوں نوجوان آزاد کشمیر کے باشندے اور پکے مسلمان تھے

[illegible]

الطاف گوہر پر مقدمہ چلانے کیلئے ٹریبونل کا قیام

[illegible]

گورنر خٹک ہم پر دباؤ ڈال رہے ہیں

[illegible]

میں نے بھی یہی کہا تھا

گورنر اسلم خٹک کی تردید پر ولی خاں کا جواب

[illegible]

رانا محمود اور دیگر افراد گرفتار

[illegible]

مینگل حکومت کی کارروائی سے ۵۰ افراد ہلاک ہوئے

[illegible]

میں جمہوری جدوجہد جاری رکھوں گا: احمد نواز بگٹی

[illegible]

عراق میں مقیم پاکستانی بخیر و عافیت ہیں

[illegible]

NEWS AND PHOTO COURTESY OF The Daily O'Collegian



Pakistani students gathered on the library front lawn Friday for a peaceful demonstration protesting India's detention of Pakistani POW's. Several speakers were heard by the group and passing students were invited to sign a petition. (By O'Collegian special photographer Luann Sewell)

Students protest for Pakistani POWs

More than 25 members of the Pakistan Student Association (PSA) gathered in front of the Oklahoma State Library Friday in a peaceful demonstration protesting the detention by India of 93,000 Pakistani POWs.

Only a few students stopped between classes to hear one of the three speakers for the group who emphasized the desperate need for the POWs' release.

"We demand their release not just because they are fellow Paks but because they are humans," said Khalid Rhazaki, Business Graduate student.

In a peaceful demonstration placards were held and pamphlets passed out in a one-hour effort to inform OSU students and faculty of the Pakistani POWs.

As the group disbanded, approximately 12 placard-bearing members displayed their message in a march around campus.

By noon Friday over 1,500 signatures had been obtained by the PSA on an appeal to release the POWs. The appeals will be sent to President Richard Nixon and Kurt Waldheim, secretary general of the United Nations, according to PSA president Rafiq Balagamwala.

Friday afternoon the group held special prayers for the POWs and prayers of thanksgiving that American POW's are returning.

صدائے پاکستان ٹرانٹو کینیڈا

یاد کرو میری وہ نعمت جس سے میں نے تمہیں
نوازا تھا اور یہ کہ میں نے تمہیں دنیا کی تمام قوموں
پر فضیلت دی تھی اور ڈرو اس دن سے جب
کوئی کسی کے ذرا کام نہ آئے گا، نہ کسی سے فدیہ
قبول کیا جائے گا، نہ کوئی سفارش ہی آدمی کو فائدہ دے گی
اور نہ مجرموں کو کہیں سے کوئی مدد پہنچ سکے گی۔ (البقرہ: ۱۲۳)

خطرناک سازش

یہ خبر پورے ملک میں بڑی حیرت اور افسوس کے ساتھ سُنی گئی کہ عراقی سفارت خانہ سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا۔ حکومت نے اطلاع ملتے ہی چھاپہ مارا اور پیٹیوں میں بند جدید ہتھیار برآمد کر لیے۔ متعدد خالی پیٹیاں بھی تھیں اور غالباً ان میں آیا ہوا اسلحہ پہلے ہی تقسیم کیا جا چکا تھا۔ عراقی سفیر سے جب اس سلسلے میں باز پرس کی گئی تو انہوں نے پہلے تو یہ بتایا کہ ان پیٹیوں میں کتابیں ہیں پھر وہ مختلف سوالات کے جواب میں اپنی قطعی لاعلمی کا اظہار کرتے رہے۔ اسلحہ کے بارے میں ماہرین نے یہ ظاہر کیا ہے کہ وہ روسی ساخت کا معلوم ہوتا ہے۔ اس بارے میں حکومت پاکستان حکومت عراق سے سخت احتجاج کر رہی ہے۔ اس نے بغداد سے اپنے سفیر کو واپس طلب کر لیا ہے اور پاکستان میں عراقی سفیر اور فوجی اتاشی کو ناپسندیدہ شخصیت قرار دے دیا ہے۔ ایک مسلمان ملک کے سفارت خانے کا پاکستان میں اسلحہ کی ناجائز درآمد میں ملوث ہونا انتہائی افسوسناک بات ہے۔ اس سے صرف پاکستانی باشندوں کو ہی دکھ نہیں پہنچا بلکہ دنیا کے ہر مسلمان کے لئے یہ بات روحانی کرب کا سبب بنی ہے اور عالمی برادری کے سامنے تمام مسلم ممالک کی نگاہیں نیچی ہو گئی ہیں۔ اس طرح عراق نے ایک دوست اور برادر ملک کے سینے میں ایسے وقت پاکستان کی پیٹھ میں چھرا گھونپنے کی کوشش کی ہے جبکہ وہ اپنے وجود اور سالمیت کو باقی رکھنے کے لئے سخت جدوجہد میں مصروف ہے۔ حکومت پاکستان نے اس سلسلے میں جو احتیاطی یا احتجاجی کاروائیاں کی ہیں یا آئندہ کرے گی ان میں وہ پوری طرح حق بجانب ہے۔

اتنی بڑی تعداد میں اسلحہ کی برآمد سے جہاں عراق بے نقاب ہوا ہے وہاں وہ طاقت بھی بے نقاب ہو گئی ہے جس کے کارخانوں میں یہ اسلحہ تیار ہوا ہے جو نہ صرف پاکستان کے ٹکڑے کرنے کے لئے اب بھی اپنے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے میں مصروف ہے بلکہ دوسرے مسلمان ملکوں کی سالمیت پر بھی ضرب لگانے کی فکر میں ہے۔ یہ وہی طاقت ہے جس نے کل بھارتی جارحیت کی پشت پناہی کی تھی۔ لیکن یہ بڑے دکھ اور افسوس کی بات ہے کہ عراق جیسا مسلمان ملک ہوتے ہوئے اسی طاقت کا آلۂ کار بننے پر آمادہ ہو گیا اور وہ بھی ایک مسلمان ملک کے خلاف۔ یہ عجیب بات ہے کہ بھارت نے روس کے ساتھ امن کا معاہدہ کرنے کے بعد پاکستان کے خلاف جارحیت کی اور عراق بھی روس کے ساتھ ایسا ہی معاہدہ کرنے کے بعد پاکستان میں تخریب کاروں کو اسلحہ فراہم کرنے کا کام انجام دے رہا ہے کیا یہ "امن کے معاہدے" ہمسایہ ملکوں کے ٹکڑے کرنے اور ان کے داخلی معاملات میں مسلح مداخلت کر کے گڑبڑ و انتشار پیدا کرنے کے لئے ہیں؟

پاکستانی قیدی

جو بھارت کی ناجائز قید میں طرح طرح کے مظالم سہہ رہے ہیں ان کے لیے ایک پرزور مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔ بروز ہفتہ ۱۷ مارچ بمقابل سٹی ہال ٹیلیفون پر ایک بجے زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہو کر اسے موثر بنائیے۔

آمریت اور جمہوریت میں فرق

بحث و نظر

انتظامیہ کس طرح آمریت کی راہ اختیار کرتی ہے؟

ہر مملکت میں دو فریق ہیں۔ ایک وہ جو اختیار رکھتا ہے۔ ایک وہ جس پر اختیار استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک وہ جو حکومت کرتا ہے، ایک وہ جس پر حکومت کی جاتی ہے۔ ایک وہ فریق ہے جو قید کا حکم دیتا ہے۔ ایک وہ جس کو قید کیا جاتا ہے۔ ایک وہ جو جائیداد لے لیتا ہے۔ ایک وہ جس کی جائیداد لے لی جاتی ہے۔ ہر ملک کے افراد دو حصوں میں منقسم ہیں۔ مختصر طور پر یوں کہنا چاہیئے کہ کچھ حاکم ہیں۔ اور کچھ محکوم۔ اور اگر سوال ہو کہ یہ کون کون ہیں۔ تو جواب یہ ہے کہ حاکم حزب اقتدار ہے اور محکوم تمام شہری۔

ہر حاکم دو قسم کے اختیارات رکھتا ہے ایک قانون سازی کا یعنی مقننہ کا اختیار۔ دوسرا قانون کے ماتحت احکام صادر کرنے کا یعنی انتظامیہ کا اختیار۔ آمریت ان ہر دو اختیارات میں داخل ہو سکتی ہے۔ ہر وہ حزب اقتدار جو جمہوری جذبہ سے متاثر نہ ہو۔ چاہتا ہے کہ ان دونو اختیارات کے متعلق کوئی اس کو پوچھنے والا نہ ہو۔ جسطرح چاہے، ان اختیارات کو استعمال کرے۔ لیکن زیر نظر مضمون انتظامیہ کی آمریت تک محدود ہے کیونکہ عام انسانوں کو انتظامیہ کی آمریت جلد سمجھ میں آ جاتی ہے۔

ہر وہ حزب اقتدار جس میں جمہوریت کا جذبہ نہ ہو چاہتی ہے کہ جب کسی قانون کے ماتحت وہ احکام صادر کرے تو کوئی اس کا محاسبہ نہ کرے کہ آیا جو احکام اس نے صادر کیے وہ قانون کے مطابق ہیں یا نہیں۔ اور سوال یہ ہے کہ کیا ایسی خواہش انصاف کے تقاضوں کے مطابق ہے۔ ظاہر ہے کہ جب بھی انتظامیہ کوئی حکم صادر کرتی ہے اور جس کے متعلق متاثرہ فرد شکایت کرتا ہے کہ یہ خلاف قانون ہے۔ تو ایک تنازعہ حقوق کے متعلق پیدا ہوتا ہے۔ حکومت کا دعوا ہوتا ہے کہ ہم نے شہری کے حق پر تجاوز نہیں کیا۔ شہری کہتا ہے کہ میرے حق پر جو مجھے قانون نے دیا تھا۔ حکومت تجاوز کر رہی ہے مثلاً کسی شخص کو حکومت نے اس بناء پر قید کر دیا کہ اس سے امن عامہ میں خلل پیدا ہونے کا خدشہ ہے یا اس کی جائیداد یہ کہہ کر لے لی کہ مفاد عامہ کے لیے اس کی ضرورت ہے تو فرد نے کہا کہ مجھ سے امن میں خلل کا کوئی اندیشہ نہیں ہے مجھ کو تو سیاسی عناد کے لیے قید کیا گیا ہے یا یہ کہا کہ حکومت نے جو میری جائیداد لی ہے تو جس غرض کے لیے لی ہے۔ وہ مفاد عامہ کی تعریف میں نہیں آتی۔ گویا یہ حقوق کا ایک تنازعہ ہے اور ایک شہری اور حکومت کے مابین ہے۔ اس تنازعہ پر ایک اصول قانون حاوی ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ جب بھی کسی مملکت میں دو فریقوں کے درمیان حقوق کے متعلق کوئی تنازعہ ہو

عام انسانوں کو انتظامیہ کی آمریت جلد سمجھ میں آجاتی ہے

تو اس کا کوئی تیسرا شخص فیصلہ کرے گا۔ یہ ایسا شخص ہوتا ہے جو قانون و واقعات کو سمجھنے کی اہلیت رکھتا ہے۔ اور انصاف والا مزاج رکھتا ہے کہ کسی کی رعایت نہیں کرتا۔

انتظامیہ میں آمریت اس طرح داخل ہوتی ہے

کہ جب انتظامیہ (حکومت) ایک حکم صادر کرتی ہے اور اس حکم کے متعلق کوئی تنازعہ پیدا ہوتا ہے تو انتظامیہ یا حکومت یہ چاہتی ہے کہ خود ہی اس تنازعہ کا فیصلہ کرے یا اس کا کوئی اپنا ملازم اس تنازعہ کا فیصلہ کرے۔ حکومت کی خواہش انصاف کے نکتہ نگاہ سے سراسر ناجائز ہے۔ یہ قانون کا مسلم اصول ہے کہ کوئی شخص اس تنازعہ کا فیصلہ نہیں کر سکتا جس میں وہ خود فریق ہو نہ وہ اپنے کسی ملازم سے جو اس کے زیر اثر ہے۔ فیصلہ کروا سکتا ہے۔ فرض کیجئے کہ دو افراد کے درمیان لین دین کا تنازعہ ہو اور ان میں سے ایک یہ کہے کہ میں خود اس کا فیصلہ کروں گا یا میرا ملازم کرے گا۔ تو یہ حیرت کی بات ہو گی کہ یہ شخص کس قسم کی باتیں کرتا ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ حزب اقتدار بھی اس نوعیت کا دعویٰ کر رہی ہوتی ہے جب وہ چاہتی ہے کہ اس کے احکام کے صحیح یا غلط، مطابق قانون یا خلاف قانون ہونے کا فیصلہ کوئی دوسرا نہ کرے۔ بلکہ وہ خود ہی کرے جس حکم کے متعلق وہ خود کہہ دے کہ یہ قانون کے مطابق ہے تو کوئی اس کو بازپرس کرنے والا نہ ہو۔ زیادہ سے زیادہ اس حد تک


تحریر: بدیع الزمان کیکاؤس


حزب اقتدار راضی ہوتی ہے کہ اس کا کوئی ملازم اس تنازعہ کا فیصلہ کرے۔ درحقیقت ملازم تو شاید مالک سے بھی زیادہ خطرناک ہوتا ہے۔

اس وقت جو تنازعہ پاکستان میں عدلیہ کے اختیارات کے متعلق ہے وہ یہی ہے کہ حزب اقتدار چاہتی ہے کہ اس کے صادر کردہ احکام کے متعلق عدلیہ کو کوئی اختیار نہ ہو۔ اور اس کا فیصلہ حرف آخر ہو۔ مثلاً اگر وہ ایک شخص کی جائیداد لے کر یہ فیصلہ کرے کہ اس کی قیمت صرف ایک سو روپیہ ہے۔ تو چاہیے وہ دس لاکھ کی جائیداد ہو۔ عدلیہ دخل نہ دے سکے اور وہ سو روپیہ کا فیصلہ قائم رہے۔ حزب اقتدار کہتی ہے کہ ہم خود بڑے انصاف پسند ہیں۔ ہم ٹھیک فیصلہ کریں گے۔ پھر حکومت وہ اپنے احکام کے بارہ میں مطلق العنان ہونا چاہتی ہے۔ کہ اس کے حکم کے جواز اور عدم جواز کا فیصلہ کرنے والا اس کے سوا اور کوئی نہ ہو۔ یہ اختیارات اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اختیارات سے بہت زیادہ رہا۔ اللہ تعالیٰ کے اختیارات سے اس وجہ سے زیادہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ عادل ہے وہ اپنے عدل کا پابند ہے اور قرآن پاک میں ہے۔ ان ربی علی صراط مستقیم (میرا رب صراط مستقیم پر ہے) یعنی اللہ تبارک و تعالیٰ اس راستہ سے جو اس نے اپنے لیے مقرر کیا ہوا ہے نہیں ہٹتا۔ لیکن اگر حزب اقتدار کے حکم کا محاسبہ نہیں ہو سکتا تو حزب اقتدار انصاف کا پابند نہیں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حزب اقتدار کا اختیار اس طرح زیادہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔ میں تمہارا حاکم نہیں ہوں۔ پروردگار سے جو حکم مجھ کو ملتا ہے اس کے مطابق بانٹنے والا ہوں۔ اس طرح خلفائے راشدین کا حال تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ پر تو کرتہ لمبا ہونے کا اعتراض ہو گیا تھا۔ انہوں نے یہ نہیں فرمایا کہ تم کا محاسبہ نہیں ہو سکتا بلکہ جب محاسبہ ہو چکا تو حضرت عمرؓ نے فرمایا۔ اگر میں نے تم اس حق اللہ کے حکم کی خلاف ورزی کی ہوتی تو تم کیا کرتے تو حاضرین میں سے ایک نے کہا اس تلوار سے تیرا سر قلم کر دیتے۔ حضرت عمرؓ نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور کہا کہ شکر ہے پروردگار اس امت میں وہ انسان موجود ہیں جو میں غلط کروں تو میرا سر تن سے جدا کریں گے یہ تو تھا اسلام کا عدل اشتراکیت نے نوبل پرائز اس شخص کو دیا ہے جس NOBEL PRIZE نے ۲۵ سال کے عرصہ میں بلند کا فرائض انجام دیتے ہوئے ایک فیصلہ بھی گورنمنٹ کے خلاف نہ کیا۔ یہ ہیں کفالت رہ از کجاست تا بہ کجا ...

زکوٰۃ کی اہمیت

جو لوگ سونے اور چاندی کے خزانے جمع کرتے ہیں اور انہیں خدا کی راہ میں خرچ نہیں کرتے (فرض زکوٰۃ بھی ادا نہیں کرتے) انہیں دردناک سزا کی خوشخبری سنا دو جس روز ان کے جمع کردہ اس سونے چاندی پر جہنم کی آگ دہکائی جائے گی اور پھر اسی سے ان لوگوں کی پیشانیوں اور پہلوؤں اور پیٹھوں کو داغا جائیگا (اور ان سے کہا جائیگا) یہ ہے وہ خزانہ جو تم نے اپنے لئے جمع کیا تھا۔ اور اب اپنی سمیٹی ہوئی دولت کا مزہ چکھو۔

فرمودۂ اقبال



تمام عارف و عامی خودی سے بیگانہ
کوئی بتائے یہ مسجد ہے یا کہ میخانہ
یہ راز ہم سے چھپایا ہے میر واعظ نے
کہ خود حرم ہے چراغ حرم کا پروانہ
طلسم بےخبری، کافری و دینداری
حدیث شیخ و برہمن فسون و افسانہ

(ارمغان حجاز)

فاروق اعظمؓ کے پہلے دو خطبات

از ــــــــ میاں عبدالرشید

محمد حسین ہیکل اپنی تصنیف "حضرت فاروق اعظمؓ" میں لکھتے ہیں:

ظہر کی نماز کے بعد حضرت عمرؓ منبر پر کھڑے ہوئے۔ اس سیڑھی سے ایک سیڑھی نیچے جس پر کھڑے ہو کر حضرت ابوبکرؓ خطبہ دیتے تھے۔ پہلے انہوں نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کی۔ پھر جناب رسول پاک پر درود بھیجا اس کے بعد حضرت ابوبکرؓ کے فضائل و مناقب کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔

"لوگو! میں تمہیں میں سے ایک انسان ہوں۔ اگر مجھے خلیفۂ رسول اللہ کی حکم عدولی گوارا ہو سکتی تو میں ہرگز یہ ذمہ داری قبول نہ کرتا"

آپ نے یہ فقرے اتنے انکسار اور دلسوزی کے ساتھ ادا کئے کہ سامعین کے دلوں میں اتر گئے۔ اس کے بعد لوگوں نے دیکھا کہ حضرت عمرؓ نگاہ اٹھائے کہہ رہے ہیں "یا اللہ! میں سخت ہوں مجھے نرم کر۔ یا اللہ! میں کمزور ہوں۔ مجھے قوت دے۔ یا اللہ! میں بخیل ہوں۔ مجھے سخی بنا" اس کے بعد آپ تھوڑی دیر کے لئے خاموش ہو گئے۔ جب مجمع پر سکوت چھا گیا تو فرمایا:

"اللہ تعالیٰ نے میرے دو رفقاء کے بعد مجھے تم میں باقی چھوڑ کر میرے ساتھ تمہیں اور تمہارے ساتھ مجھے آزمایا ہے۔ بخدا۔ تمہارا جو معاملہ میرے سامنے آئیگا۔ میرے سوائے اسے کوئی طے نہیں کریگا۔ (یعنی کسی کی رائے سے متاثر یا مرعوب ہو کر فیصلے نہیں کروں گا) اور تمہارا جو معاملہ میری نگاہوں سے دور ہو گا اس میں بھی میں اہلِ امانت و دیانت کو ہاتھ سے نہیں جانے دوں گا۔ اگر لوگوں نے میرے ساتھ بھلائی کی تو میں بھی یقیناً ان کے ساتھ بھلائی کروں گا۔ اور اگر وہ برائی کے ساتھ پیش آئے (یعنی انہوں نے میرے ساتھ تعاون نہ کیا یا میرے احکام کی خلاف ورزی کی) تو میں ضرور انہیں عبرت ناک سزا دوں گا"

فاروق اعظمؓ جب تیسرے دن مسجد میں آئے۔ اور لوگ ان کی بیعت سے فارغ ہو گئے۔ تو آپ نے فرمایا، عرب کی مثال ایک نکیل پڑے اونٹ کی سی ہے جو اپنے ساربان کے پیچھے پیچھے چلتا ہے۔ دیکھنا ساربان کا فرض ہے کہ وہ اسے کس طرف لے جاتا ہے۔ رب کعبہ کی قسم! میں انہیں راہ راست پر لے جاؤں گا۔ ظہر کے بعد منبر پر کھڑے ہو کر فرمایا۔

"مجھے معلوم ہوا ہے کہ لوگ میری سختی سے ڈرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں۔ عمرؓ اس وقت بھی ہم پر سختی کرتا تھا۔ جب جناب رسولِ پاک کا سایہ ہمارے سروں پر قائم تھا پھر وہ اس وقت بھی ہمارے ساتھ سختی سے پیش آتا رہا جب ہمارے اور اس کے درمیان حضرت ابوبکرؓ حائل تھے۔ لیکن اب کیا ہو گا جب کہ تمام معاملات اسی کے ہاتھ میں ہیں۔ اور جو بھی یہ کہتا ہے ٹھیک کہتا ہے"

قائد اعظم نے فرمایا

اسلام ہماری زندگی اور ہمارے وجود کا بنیادی سرچشمہ ہے۔ اسلام نے ہمارے ثقافتی اور تہذیبی ماضی اور ہماری گزشتہ روایات کو عرب دنیا سے اتنا وابستہ اور قریب کر رکھا ہے کہ اس امر میں کسی کو شبہ ہی نہیں ہونا چاہیئے کہ ہم عرب اور ان کے مسائل اور مقاصد سے مکمل ترین ہمدردی رکھتے ہیں۔

شرق اردن کے سفیر کے استقبالیہ میں۔ ۱۹۴۷ء

رجسٹریشن نمبر ۲۳۶۸۹۰ سی پی   قیمت ۱۵ سینٹ

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹورونٹو کینیڈا

جلد   ۲۵ محرم الحرام ۱۳۹۳ھ یکم مارچ ۱۹۷۳ء   نمبر ۲۳

سرحد میں مفتی محمود کی کابینہ مستعفی

بلوچستان میں صدر راج

بزنجو اور ارباب سکندر خان خلیل سبکدوش کر دیئے گئے اکبر بگٹی اور اسلم خٹک نے گورنروں کی حیثیت سے حلف اٹھالیا



امیر جماعت اسلامی پاکستان میاں طفیل محمد گرفتار کر لئے گئے

امن کے منافی سرگرمیوں کا الزام

جیل میں اے کلاس دی گئی

لاہور کے جلسہ میں میاں صاحب کی تقریر پر نکتہ چینی

پختون زلمے کے کمانڈر انچیف میجر جنرل جیلانی گرفتار

ملک سے فرار ہونے کی کوشش ناکام بنادی گئی



محمد خان سومرو مستعفی ہوگئے

الطاف گوہر کو گرفتار کر لیا گیا

بلوچستان اور سرحد میں پارٹی پوزیشن

سرحد اسمبلی

نیشنل عوامی پارٹی (بشمول دو خواتین)	۱۵
جمعیت علمائے اسلام	۴
پاکستان پیپلز پارٹی	۳
جماعت اسلامی	۱
آزاد	۶
مسلم لیگ (قیوم)	۱۰
مسلم لیگ (کنونشن)	۲
مسلم لیگ (کونسل)	۱
کل نشستیں	۴۲

بلوچستان اسمبلی

نیشنل عوامی پارٹی (بشمول ایک خاتون)	۹
جمعیت علمائے اسلام	۳
مسلم لیگ (قیوم)	۲
آزاد (بشمول ایک پیپلز پارٹی)	۶
بلوچستان یونائیٹڈ فرنٹ	۱
کل نشستیں	۲۱

مفتی محمود کو وزارت اعلیٰ کی پھر پیشکش

یوم پاکستان ۲۳ مارچ

پھر فرینڈز آف پاکستان جلسہ منعقد کریں گے۔ مرکزی وزیر جناب ڈاکٹر مبشر حسن مہمان خصوصی ہوں گے۔ مزید تفصیلات پہلے چھاپ کر تقسیم کی جائیں گی

مشرقی پاکستان کے سابق وزیر مولانا محمد اسحاق کو عمر قید کی سزا

اقبال جدون سرحد کے وزیر اعلیٰ بنیں گے

بیگم لیاقت نے گورنر سندھ کی حیثیت سے حلف اٹھالیا

مرکز اور صوبے میں خوشگوار تعلقات کی کوشش کروں گا: نئے گورنر کا بیان

کسی کے خلاف انتقامی کارروائی نہیں ہوگی، تمام جماعتوں سے تعاون کی اپیل

پاکستانی جنگی قیدیوں پر بھارتی مظالم کے خلاف مظاہرہ ۔ ۱۷ مارچ ایک بجے بمقابل سٹی ہال

چودھری ظہور الٰہی گرفتار کر لئے گئے

میاں محمود علی قصوری کو پیپلز پارٹی سے نکال دیا گیا

صدر بھٹو کی صدارت میں مرکزی کمیٹی کا اجلاس ۵ گھنٹے تک جاری رہا، موجودہ سیاسی صورت حال پر غور



ایس ایم سلیمان کو عمر قید کی سزا

پاک فضائیہ کے طیارہ کو حادثہ: پائلٹ آفیسر شاہد غنی ہلاک ہوگئے

نیپ کے رہنما کی گرفتاری

عزیز احمد نے دفاع اور امور خارجہ کے وزیر مملکت کا عہدہ سنبھال لیا